© rasailojaraid.com



## جامعہ علوم اثریہ کے سالانہ امتحانات

قسم تحفیظ القرآن الکریم کے سالانہ امتحانات مورخہ 2 شعبان بمطابق 27 اگست بروز اتوار سے شروع ہوکر مورخہ 3 شعبان بمطابق 28 اگست بروز سوموار اختتام پذیر ہوں گے جبکہ قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کے سالانہ امتحانات مورخہ 5 شعبان بمطابق 30 اگست بروز بدھ سے شروع ہوکر مورخہ 13 شعبان بمطابق 7 ستمبر بروز جمعرات اختتام پذیر ہوں گے۔ان شاءاللہ

## جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں درس

مورخہ 16 جولائی بروز اتوار بعد نماز مغرب رئیس الجامعہ نے جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں سنت کی اہمیت پر بڑا ہی جامع درس ارشاد فرمایا اس کے بعد سوال و جواب کی نشست ہوئی آخر میں رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ پروگرام تکمیل پذیر ہوا۔

---

## وفیات

### محمد سلیمان صاحب کوٹلہ آئمہ، حافظ اخلاق احمد اور مولانا حبیب الرحمٰن (برطانیہ) کو صدمہ

مورخہ 4 جون بروز اتوار کوٹلہ آئمہ جہلم میں ہماری جماعت کے بزرگ جناب محمد سلیمان صاحب کوٹلہ آئمہ کے بھائی، حافظ اخلاق احمد صاحب اور مولانا حبیب الرحمٰن کے چچا وفات پا گئے۔اناللہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے پڑھائی۔

### مقبول احمد صاحب، فرقان احمد صاحب کو صدمہ

مورخہ 13 جون بروز منگل غلام محی الدین زرگر اور مقبول احمد صاحب رائل جیولرز کے بھائی اور فرقان احمد صاحب کے والد گرامی غلام سرور وفات پا گئے۔اناللہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com